© rasailojaraid.com



کچھ جس کے دیکھنے کیلئے ایک عالم بیتاب و بے قرار تھا منظر عام پر آ گیا۔ زیر نظر کتاب صرف ایک کتاب ہی نہیں بلکہ ایک پورا کتب خانہ ہے جس میں حضرت اقدس کے بچپن کے حالات، واقعات، معمولات، مصروفیات تدریسی تفسیر ذوق تصنیفات و تالیفات نقوش و تاثرات اہل علم حضرات کے نگارشات افادات و مکاتیب تعزیتی پیغامات و تاثرات غرض وہ سب کچھ جو دلوں کو سرور اور ابصار کو نور بخشیں اس میں موجود ہے۔

الشریعۃ اکادمی اور ناشران حضرات صد مبارک باد کے مستحق ہے جنہوں ان تھک محنت و کوشش کر کے حضرت اقدس کے معتقدین محبین و متعلقین پر خصوصاً اور عامۃ المسلمین پر عموماً احسان عظیم فرمایا:

**فتقبل منهم سعيهم ونفع الله به المسلمين امين. ويرحم الله عبدا قال امينا**

---

کتاب: مصباح المصلی اردو شرح منیۃ المصلی

مصنف: مولانا ولی اللہ صاحب، مدرس جامعہ عربیہ معراج العلوم بنوں۔ ناشر: بادشاہ گل چھاپہ خانہ محلہ جنگی پشاور

فقہ حنفی میں ابواب صلوٰۃ کے متعلق مسائل پر مشتمل کتاب ''منیۃ المصلی'' تقریباً سات سو سالوں سے مدارس اور مساجد میں پڑھائی جانے والی کتاب ہے۔ یہ کتاب عربی زبان میں ہے مگر عربی سے ناواقف حضرات کیلئے اس سے کما حقہ فائدہ اٹھانا دشوار تھا۔ اسلئے ارباب علم و کمال نے مختلف زبانوں میں اس کتاب کے تراجم اور شروح لکھے۔ حضرت مولانا ولی اللہ صاحب کی یہ کاوش اسی کتاب کی عام فہم شرح ہے جو اس سلسلے کی ایک کڑی ہے، حضرت مولانا نے طلبہ کرام کی آسانی کیلئے کتاب کی عربی عبارت پر اعراب لگانے کے علاوہ عبارت کا سلیس ترجمہ اور حسب ضرورت پوری تشریح کی ہے، جس کو بادشاہ گل چھاپہ خانہ پشاور نے متوسط سفید کاغذ پر لمونیشن کارڈ میں شائع کیا۔

---

کتاب: معارف مفتی اعظمؒ افادات: مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحبؒ

صفحات: ۵۳۹ قیمت: ۲۹۰ ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

حضرت مفتی اعظم پاکستان مفتی محمد شفیعؒ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ آپؒ کی دینی، علمی، فقہی، تدریسی، تبلیغی، اصلاحی اور سیاسی و عملی خدمات جمیلہ سے پوری دنیا متعارف ہے، آپؒ علمی دنیا میں سند کی حیثیت رکھتے ہیں۔ جناب مولانا قاری محمد اکبر شاہ بخاریؒ نے حضرت مفتی اعظمؒ کے علمی، فقہی اور اصلاحی مواعظ، مقالات اور نادر ملفوظات و ارشادات کو جمع کر کے علماء، طلباء اور عوام الناس پر بڑا احسان کیا اور اس انمول خزانہ علم کو افادہ عام کیلئے ''زمزم پبلشرز'' کراچی نے عمدہ کاغذ اور خوبصورت جلد میں شائع کیا۔ یہ کتاب ہر خاص و عام کی ضرورت اور ہر کتب خانے کی زینت ہے۔

© rasailojaraid.com